DO NOT WRITE ANYTHING HERE

(ii) ہے کچھ ایسی ہی بات جو چُپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

یا

بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اُس نے
مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اُس نے
قدم اُٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں
نری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

**17.** نظم "حمد" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **[3]**

یا

نظم "قدم بڑھاؤ دوستو!" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

## حصہ – د / (SECTION – D)

**18.** نظیرؔ اکبر آبادی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ **[4]**

یا

ساحرؔ لدھیانوی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔

**19.** اپنے دوست کو اُس کے جنم دن پر مبارک باد کا خط لکھئے۔ **[4]**

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو ٹی۔ سی۔ (T.C.) حاصل کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

**20.** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ **[4]**

(i) تعلیم و تربیت (ii) عیدالفطر (iii) کسی تاریخی عمارت کی سیر

## (SECTION – C) / حصہ – ج

**14.** مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھئے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے : **[3]**

اگلے اتوار کو پھر لین شو ڈاک خانے میں آیا اور پوچھا کہ کیا اس کے نام کوئی خط آیا ہے؟ پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط اس کے حوالے کیا اور اس کارِ خیر کے انجام دینے پر ایک طرح کی خوشی محسوس کی۔ اس کے بعد وہ دروازے کی دراز سے لین شو کی کیفیات دیکھنے لگا۔ اس نے دیکھا کہ نوٹ پاکر لین شو کو کوئی حیرت نہیں ہوئی ہے۔ اس کو تو جیسے اس بات کا پختہ یقین تھا کہ یہ رقم تو اس کو ملنے ہی والی ہے۔ پھر جب اس نے رقم گن لی تو بگڑ گیا اور بڑبڑانے لگا۔

یا

تعلیم حاصل کرنے کے لئے امبیڈکر کو کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ان کے دل میں علم حاصل کرنے کا شوق اور محنت کا جذبہ تھا، اس لئے وہ آگے ہی بڑھتے گئے۔ آخر کار اعلیٰ تعلیم کے لئے انہیں انگلستان جانے کا موقع مل گیا۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لئے کوششیں شروع کر دیں۔ چھوت چھات کی اس لعنت نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔

**15.** سبق "آدمی کی کہانی" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **[3]**

یا

سبق "رضیہ سلطان" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

**16.** مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔ **[3]**

(i) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز
اُسی خانہ خراب کی سی ہے

## (SECTION – B) / حصہ – ب

نوٹ : مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

برس کی اخیر رات کو ایک بڈھا اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا ہے۔ رات بھی ڈراونی اور اندھیری ہے۔ گھٹا چھا رہی ہے۔ بجلی تڑپ تڑپ کر کڑکتی ہے۔ آندھی بڑے زور سے چلتی ہے۔ دل کانپتا ہے اور ہر دم گھبراتا ہے۔ بڈھا نہایت غمگین ہے مگر اس کا غم نہ اندھیرے گھر پر ہے نہ اکیلے پن پر اور نہ اندھیری رات اور نہ بجلی کی کڑک اور نہ آندھی کی گونج پر اور نہ برس کی اخیر رات پر۔ وہ اپنے پچھلے زمانے کو یاد کرتا ہے اور جتنا زیادہ یاد آتا ہے ، اتنا ہی غم بڑھتا ہے۔ ہاتھوں سے ڈھکے ہوئے منھ پر آنکھوں سے آنسو بھی بہے چلے جاتے ہیں۔

**4.** برس کی اخیر رات کو بڈھا کہاں پر بیٹھا ہے ؟ **[2]**

**5.** برس کی اخیر رات کیسی ہے ؟ **[2]**

**6.** آندھی کس طرح چل رہی ہے ؟ **[2]**

**7.** بڈھا غمگین کیوں ہے ؟ **[2]**

**نوٹ** : مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصرًا لکھئے :

**8.** صفت مقداری کی تعریف لکھئے۔ **[2]**

**9.** فعلِ مستقبل کسے کہتے ہیں ؟ **[2]**

**10.** محاورہ "کھوپڑی میں نہ سمانا" کے معنی لکھئے۔ **[2]**

**11.** مندرجہ ذیل مذکر الفاظ کے مؤنث لکھئے۔ **[2]**

(i) شوہر (ii) دادا

**12.** مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے۔ **[2]**

(i) شرم (ii) سمجھ

**13.** مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھئے۔ **[2]**

(i) سکتہ (ii) سوالیہ

**.2** مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجئے۔

(i) بے تکلفی گز بھر لمبی ____________ ہے۔ **[1]**

(ii) سفید چھڑی ____________ لوگوں کی پہچان ہے۔ **[1]**

(iii) جو لوگ تیز جانا چاہتے ہیں اُن سے کہو کہ میرے پیروں میں بھی ____________ لگوا دیں۔ **[1]**

(iv) کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں ، انصاف اور ____________ پرستی ہے۔ **[1]**

(v) بار بار اس کے ____________ پہ جاتا ہوں۔ **[1]**

(vi) کوئی ____________ نظر نہیں آتی۔ **[1]**

**.3** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک جملے** میں لکھئے :

(i) ''زبانوں کا گھر، ہندوستان'' سید احتشام حسین کی کس کتاب سے لیا گیا ہے ؟ **[1]**

(ii) لین شو نے خط کے لفافے پر کیا پتہ لکھا تھا ؟ **[1]**

(iii) W W W کا پورا نام کیا ہے ؟ **[1]**

(iv) بریل تحریر میں کتنے نقطے ہوتے ہیں ؟ **[1]**

(v) بندو کے بیٹے کا کیا نام ہے ؟ **[1]**

(vi) سعادت علی کون تھا ؟ **[1]**

(vii) اسمٰعیل میرٹھی کا انتقال کب ہوا ؟ **[1]**

(viii) میرؔ نے اپنی غزل میں خانہ خراب کسے کہا ہے ؟ **[1]**

(ix) مرزا غالبؔ کے چچا کا کیا نام ہے ؟ **[1]**

(x) اُردو کے سب سے بڑے فلسفی شاعر کون ہیں ؟ **[1]**

(xi) خوش حالی کا متضاد لکھئے۔ **[1]**

(xii) اخبار کی جمع لکھئے۔ **[1]**

(x) اسمٰعیل میرٹھی کہاں پیدا ہوئے ؟ [1]

(A) لکھنؤ (B) میرٹھ (C) دہلی (D) رائے پور

(xi) جو پان کھلاوے پان ملے ، جو روٹی دے تو نان ملے

اس مصرعہ میں استعمال لفظ "نان" کا معنی ہے [1]

(A) روٹی (B) مٹھائی (C) سالن (D) شربت

(xii) اُردو غزل کا امام کسے کہا جاتا ہے ؟ [1]

(A) ساحرؔ لدھیانوی (B) بشرؔ نواز (C) میرؔ (D) اقبالؔ

(xiii) غالبؔ نے کس کا دن معیّن بتایا ہے ؟ [1]

(A) زندگی کا (B) موت کا (C) جوانی کا (D) بڑھاپے کا

(xiv) "بھلا پہاڑ کہاں ، جانور غریب کہاں" میں جانور غریب کسے کہا ہے ؟ [1]

(A) بکری (B) گائے (C) شیرنی (D) گلہری

(xv) "اے شریف انسانو!" نظم کے شاعر کا نام ہے [1]

(A) نظیرؔ اکبر آبادی (B) ساحرؔ لدھیانوی (C) مرزا غالبؔ (D) اقبالؔ

(xvi) بشرؔ نواز کا اصل نام ہے [1]

(A) بشارت نواز خاں (B) بشیر خاں (C) محبوب خاں (D) نور خاں

(xvii) موجود کا متضاد ہے [1]

(A) حاضر (B) نزدیک (C) غائب (D) دور

(xviii) تصویر کی جمع ہے [1]

(A) تصور (B) تصوف (C) تشدّد (D) تصاویر

## (SECTION – A) / حصہ – الف

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھئے۔

(i) بے تکلفی سبق کے مصنف کا نام ہے **[1]**

(A) کنھیّالال کپور (B) حبیب تنویر (C) رتن سنگھ (D) محمد مجیب

(ii) اُردو زبان کہاں پیدا ہوئی؟ **[1]**

(A) ایران (B) ہندوستان (C) چین (D) تُرکی

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ **[1]**

(A) سُنار (B) کمہار (C) مہار (D) کہار

(iv) پروفیسر محمد مجیب کہاں پیدا ہوئے؟ **[1]**

(A) دہلی (B) جے پور (C) حیدر آباد (D) لکھنؤ

(v) معلومات کا خزانہ ہے **[1]**

(A) ماؤس (B) انٹرنٹ (C) کی بورڈ (D) پرنٹر

(vi) سبق "نئی روشنی" میں نابینا لڑکے کا نام ہے **[1]**

(A) حمید (B) جنُید (C) محمود (D) جبّار

(vii) رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو کتنے امیروں میں بانٹا تھا؟ **[1]**

(A) چالیس (B) بیس (C) پچاس (D) تیس

(viii) رتن سنگھ کا افسانوی مجموعہ ہے **[1]**

(A) پنجرے کا آدمی (B) نرم گرم (C) نازک خیالیاں (D) سنگ و خشت

(ix) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار تھا **[1]**

(A) انگریز (B) سپاہی (C) سعادت علی (D) وزیر علی

नामांक Roll No. | Question Booklet No.

No. of Questions – **20**

No. of Printed Pages – **7**

**S-72-Urdu (T.L.)**

# SECONDARY EXAMINATION, 2025

## उर्दू

## URDU

## (Third Language)

**Time : 3 Hours 15 Minutes**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لئے ہدایات :**

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اُس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔